قرارداد نمبر 94 منجانب نصراللہ خان زیرے۔

ہرگاہ کہ ۳ دسمبر کو عالمی سطح پر خصوصی افراد کے دن کے طور پر منایا جاتا ہے اور تقریبات کا انعقاد کر کے خصوصی افراد کو خراج تحسین پیش کرنے کے علاوہ انھیں بہتر زندگی گزرنے اور تمام بنیادی سہولیات فراہم کرنے کیلئے خصوصی اقدامات اٹھانے کا عہد بھی کیا جاتا ہے جبکہ ملک بالخصوص صوبہ میں خصوصی افراد کیلئے سروسز میں نہ تو مختص کردہ خصوصی کوٹہ کا خیال رکھا جاتا ہے اور نہ ہی دیگر اقدامات اُٹھائے جانے ہیں جسکی وجہ سے خصوصی افراد میں شدید بے چینی اور اضطراب پایا جاتا ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ وہ خصوصی افراد کیلئے خصوصی اقدامات اُٹھانے اور سروسز میں مختص کردہ کوٹہ پر عملدرآمد کرنے کو یقینی بنائے تاکہ ان میں پائی جانیوالی شدید تشویش اور اضطراب کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔

☆<><><><><><><><><><><><><>☆

1-12-2020